| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (بارھواں ہفتہ) | موضوع: | زبر کا تعارف | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصلِ سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ زبر کی آواز کی پہچان، ادائیگی اور زبر کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>موسموں کے ناموں کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ زبر کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کی آوازیں اور ان کی حرکات کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتایئے کہ اردو میں تین حرکات ہیں زبر ، زیر اور پیش۔ تختہ سیاہ اور سفید پر اَ، اِ، اُ لکھیے اور پڑھائی کروایئے۔ بچوں کو بتایئے کہ زبر ہمیشہ (Aa) کی آواز ہوتی ہے اور یہ حرف کے اوپر آتی ہے۔ | 10منٹ | آ کے دو حرفی الفاظ فلیش کارڈ<br>زبر کے دو حرفی الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ایک گروپ کو 'آ' کے دو حرفی الفاظ دیئے جائیں گے اور ایک گروپ کو زبر کے دو حرفی الفاظ دیئے جائیں گے۔ بچے باری باری ایک جیسے لفظ کو پڑھ کر اُس کا فرق بتائیں گے۔ مثال کے طور پر گروپ 1 آب گروپ 2 اَب معلمہ آواز اور اس کی ادائیگی پر زور دے گی۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 47 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'زبر اور 'آ' کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھوائی کروائی جائے گی۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ نمبر 47 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے گا کہ اردو میں کتنی حرکات ہیں؟ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (بارھواں ہفتہ) | موضوع: | زبر کا تعارف | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ زبر کی آواز کی پہچان، ادائیگی اور زبر کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>زبر، زیر اور فلیش کارڈ دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے مختلف حروف کے ساتھ ان حرکات کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>زبر کی علامت تختہ سیاہ پر بنا کر بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ 'زبر' ہے۔اس کی آواز (Aa) کی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم زبر اور 'ے' والے الفاظ سیکھیں گے۔ سیر، خیر، تیر، بیر، قید، پیر کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ زبر کا استعمال کرے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپس میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو کچھ الفاظ دیے جائیں گے۔ بچے اُس علامت کا استعمال کرتے ہوئے کوئی سا لفظ بتائیں گے۔ مثال کے طور پر گروپ 1 کے پاس زبر ہے ان کو ٹوکری میں زبر کے الفاظ دیے جائیں گے۔ اَب، کَب، دَس، قَید، تَیر، رَب، سَب، گَل، حَل، پَل، پَس کتاب صفحہ 49 پر توڑ جوڑ کروائے جائیں گے۔ نیچے لکھے جملے معلمہ تختہ سفید سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کروائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>زبر کی آواز پوچھی جائے گی۔ | | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ زبر کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (بارھواں ہفتہ) | موضوع: | موسموں کے نام | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے زیر کی آواز کی پہچان ادائیگی اور زیر کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>زیر، زبر، پیش کے فلیش کارڈ طریقہ تدریس دکھا کر ان کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر تقریباً (دوفٹ بڑا) زیر چارٹ پیپر پر لکھ کر چسپاں کیا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ زیر ہے۔ زیر حروف کو ملا کر پڑھنے اور لکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ یہ حروف کے نیچے آتی ہے۔ بچوں کو حروف تہجی زیر کے ساتھ لکھ کر ان کی پڑھائی کروائیے۔ (اِ، بِ، پِ، تِ، ٹِ، ثِ) آواز پر زور پر دیا جائے گا۔ بچوں کو بتائیے کہ زیر کی آواز (Ee) کی ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>معلمہ تختہ سفید پر کچھ دو حرفی الفاظ لکھے گی اور بچوں کو باری باری بُلا کر حرف کے نیچے زیر بنانے اور پڑھنے کو کہے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا حروف کو ملاتے وقت پہلے حرف کے نیچے زیر استعمال کرتے ہیں۔ (تل، دل، بل، اک، اس، ن) بچوں سے کتاب صفحہ 61 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تمام الفاظ کی زیر کے ساتھ پڑھائی کروا کر لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے جملے معلمہ تختہ سفید یا سیاہ پر لکھ کر بلند خوانی کروائی گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>زیر کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا نام پوچھیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>صفحہ نمبر 64 کیجیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 61,64 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا زیر کی آواز کی پہچان اور اس سے بننے والے الفاظ سیکھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (بارھواں ہفتہ) | موضوع: | زیر کا تعارف | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ زیر کی آواز کی پہچان، ادائیگی اور زیر کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:** زیر کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا اس علامت کو کیا کہتے ہیں؟ الفاظ بورڈ پر لکھ کر کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ یہ زیر حروف کو ملاتی ہے بچوں کو بتایا جائے گا۔ کہ آج ہم آواز الفاظ کو زیر کے ساتھ پڑھیں گے۔ ہم آواز الفاظ وہ ہوتے ہیں جن کی آخر کی آواز ایک جیسی ہوتی ہے۔ دِل، بِل، جِن، دِن، اِس، کِس کے الفاظ تختہ سفید/ سیاہ پر لکھیں اور پڑھائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو چار گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم آواز الفاظ بنائیں گے۔ زیر کے ساتھ بچوں کو الفاظ کے فلیش کارڈ دیں۔ ہر گروپ کو ایک لفظ کا فلیش کارڈ دیں۔<br>گروپ 1۔ مِل ---------- گروپ 2۔ اِن ------------<br>گروپ 3۔ کِن ---------- گروپ 4۔ رِس ------------<br>بچوں سے کہا جائے گا کہ ٹوکری سے تلاش کر کے ان الفاظ کے دو ہم آواز الفاظ بنائیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ 63 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو تمام الفاظ با آواز بلند پڑھنے کو کہا جائے گا۔ 'اِس' اور 'اِن' کے ہم آواز الفاظ تلاش کر کے لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:**<br>اِن، کِن، جِن، دِن، کِس، الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ نمبر 62 کیجئے۔ | 5منٹ<br>10منٹ<br><br><br><br>20منٹ<br><br><br><br><br><br><br>5منٹ | فلیش کارڈ زیر<br>فلیش کارڈ مِل<br>اِن کِن اِس ہم<br>آواز الفاظ<br>فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>موسموں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (بارھواں ہفتہ) | موضوع: | زیر کا تعارف | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ زیر کی آواز کی پہچان، ادائیگی اور زیر کے الفاظ کی پڑھائی اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے ہم آواز الفاظ کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>موسموں کے نام پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ جیسا کہ آپ کو پتا ہے کہ زیر جب حروف کو ملاتی ہے تو چھوٹی آواز کے ساتھ ملتی ہے۔ آج ہم 'زیر' اور 'ی' والے تین حرفی الفاظ کے توڑ اور جوڑ سیکھیں گے۔ تختہ سفید پر تِ+ی+ن لکھیے اور اس کے جوڑ کرنا بتائیے۔ تین زیر کی آواز کی پہچان کروائیے۔ | 5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>زیر اور زبر<br>علامت کٹ<br>آؤٹس | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر سیر، تین، پیر، تیر، مقیم کے کے فلیش کارڈ چسپاں کیے جائیں گے۔ بچوں کو زیر اور زبر کی علامت کا ایک کٹ آؤٹ دیا جائے گا۔ بچوں کو باری باری بلا کر لفظ پڑھنے اور درست علامت کا استعمال کرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 65 کھولنے کو کہا جائے گا زبر اور ی کے الفاظ کے توڑ، جوڑ کرنے کو کہا جائے گا۔ | 25 منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>کِیل، دِید، بِیس، نِیم، تیر الفاظ کی پڑھائی کروائیے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 66 کیجیے۔ | 5 منٹ | | |